## نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (NEW YORK CITY HUMAN RESOURCES ADMINISTRATION)

**Fair Fares NYC پروگرام کے سلسلے میں رولز آف سٹی آف نیو یارک کے ٹائٹل 68 کے باب 12 میں عوامی سماعت کا نوٹس اور مجوزہ ترامیم پر تبصرہ کرنے کا موقع**

**ہم کیا تجویز کر رہے ہیں؟** نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن ("Human Resources Administration, HRA") آمدنی کی اہلیت کا معیار وفاقی سطح افلاس کے 100 فیصد سے بڑھا کر 120 فیصد کر کے Fair Fares کے پروگرام میں ترمیم کرنے کی تجویز پیش کرتی ہے۔

عوامی سماعت فاصلاتی طور پر Zoom کے ذریعے بروز جمعہ، 6 اکتوبر 2023 کو 10:00 بجے صبح ہوگی۔ سماعت میں شرکت کے خواہشمند افراد شامل ہو سکتے ہیں بذریعہ:

**Zoom (ویڈیو اور آڈیو):** https://www.zoomgov.com/j/1618835130

یا www.zoom.us پر جائیں، "join a meeting" (میٹنگ میں شامل ہوں) پر کلک کریں اور میٹنگ ID: 1618835130

**فون (صرف آڈیو): 1-646-828-7666**

اشارہ ملنے پر، میٹنگ ID درج کریں: 1618835130

ایک ٹیپمیں موبائل: #16468287666,,1618835130+

**میں مجوزہ اصولوں پر تبصرہ کیسے کروں؟** کوئی بھی شخص درج ذیل طریقے سے مجوزہ اصولوں پر تبصرہ کر سکتا ہے:

- **ویب سائٹ.** آپ تبصرے HRA کے پاس NYC کے اصولوں کی ویب سائٹ کی معرفت http://rules.cityofnewyork.us پر جمع کرا سکتے ہیں۔
- **ای میل۔** آپ اپنے تبصرے NYCRules@hra.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔ براہ کرم موضوع کی سطر میں "Fair Fares میں ترامیم" شامل کریں۔
- **ڈاک۔** آپ اپنے تاثرات اس پتے پر بذریعہ ڈاک ارسال کر سکتے ہیں:

HRA Rules
c/o Office of Legal Affairs
150 Greenwich Street, 38th Floor
New York, NY 10007

براہ کرم واضح کر دیں کہ آپ Fair Fares میں ترامیم پر تبصرہ کر رہے ہیں۔

- **فیکس۔** آپ اپنے تبصرے 917-639-0413 پر فیکس کر سکتے ہیں۔ براہ کرم موضوع کی سطر میں "Fair Fares میں ترامیم" شامل کریں۔

- **سماعت میں بول کر۔** آپ سماعت میں بولنے کے لیے 6 اکتوبر 2023 کو سماعت شروع ہونے کے وقت یا اس سے پہلے 929-221-7220 پر کال کر کے یا NYCRules@hra.nyc.gov پر ای میل کر کے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ مقررین کو اسی ترتیب سے بلایا جائے گا جس ترتیب میں انہوں نے سائن اپ کیا تھا اور وہ تین منٹ تک بول سکیں گے۔

**کیا تبصرے جمع کرانے کی کوئی آخری تاریخ ہے؟** تبصرے جمع کرانے کی آخری تاریخ 6 اکتوبر 2023 کو آدھی رات تک ہے۔ تبصرے، بشمول بذریعہ ڈاک مرسلہ تبصرے، HRA کو 6 اکتوبر 2023 کو یا اس سے پہلے موصول ہونا ضروری ہے۔

**سماعت میں شرکت کے لیے اگر مجھے مدد کی ضرورت پڑی تو میں کیا کروں؟** اگر آپ کو سماعت میں شرکت کرنے کے لیے ترجمانی کی خدمت یا مناسب رہائش درکار ہے تو آپ ہمیں ضرور بتائیں۔ آپ NYCRules@HRA.nyc.gov پر ای میل کر کے ہمیں بتا سکتے ہیں۔ آپ 929-221-7220 پر ٹیلیفون کر کے بھی ہمیں بتا سکتے ہیں۔ پیشگی نوٹس کی درخواست کی جاتی ہے تاکہ انتظامات کے لئے خاطر خواہ وقت دستیاب ہو سکے۔ براہ کرم جمعہ 29 ستمبر 2023 کو 9:00 صبح تک ہمیں بتا دیں۔

**کیا میں مجوزہ اصولوں پر کیے گئے تبصروں کا جائزہ لے سکتا ہوں؟** آپ http://rules.cityofnewyork.us/ پر ویب سائٹ پر جا کر مجوزہ اصولوں پر آن لائن کیے گئے تبصروں کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ سماعت کے بعد جلد ہی، آن لائن جمع کئے گئے تمام تبصروں کی نقول، تمام تحریری تبصروں کی نقول، اور مجوزہ اصول کے متعلق زبانی تبصروں کا خلاصہ HRA کی ویب سائٹ پر عوام کے لیے دستیاب ہوگا۔

**کیا چیز HRA کو یہ اصول بنانے کی اجازت دیتی ہے؟** سٹی چارٹر کے سیکشن 603 اور 1043۔ یہ مجوزہ اصول اس مالی سال کے لیے HRA کے انضباطی ایجنڈے میں شامل نہیں کیا گیا تھا کیونکہ اشاعت کے وقت اس کی توقع نہیں تھی۔

**مجھے HRA کے اصول کہاں مل سکتے ہیں؟** HRA کے اصول رولز آف سٹی آف نیو یارک کے ٹائٹل 68 میں ہیں۔

**اصول سازی کے عمل کو کون سے اصول منظم کرتے ہیں؟** HRA کو اصول بنانے یا ان میں تبدیلی کرتے وقت سٹی چارٹر کے سیکشن 1043 کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔ یہ نوٹس سٹی چارٹر کے سیکشن 1043(b) کے تقاضوں کے مطابق بنایا گیا ہے۔

**بنیاد کا بیان اور اصول کا مقصد**

Fair Fares NYC پروگرام کم آمدنی والے نیو یارک سٹی کے مکینوں کو عوامی نقل و حمل پر 50% چھوٹ فراہم کر کے ان کی نقل و حمل کی لاگتوں کا نظم کرنے میں ان کی مدد کرتا ہے۔ نیو یارک کے اہل باشندوں کو سب وے اور اہل بس کرایوں پر 50% رعایت ملتی ہے۔ ادائیگی بہ لحاظ سفر (Pay-per-ride)، ہفتہ وار لا محدود اور ماہانہ لا محدود اختیارات سبھی دستیاب ہیں۔ Fair Fares میں MTA ایکسیس-اے-رائیڈ پیراٹرانزٹ ٹرپس پر 50% کی رعایت بھی مل سکتی ہے۔

موجودہ Fair Fares کا اصول بتاتا ہے کہ درخواست دہندہ کی مجموعی آمدنی وفاقی سطح افلاس(Federal Poverty Level,) FPL) کے 100 فیصد سے زائد ہرگز نہ ہو۔ اس مجوزہ اصول سے آمدنی کی سطح بڑھ کر FPL کے 120 فیصد تک ہو جائے گی۔ Fair Fares پروگرام کی رعایت میں توسیع سے کم آمدنی والے نیو یارک کے باشندوں کو یوں اعانت ملے گی کہ یومیہ ضروریات جیسے نوکریوں، تعلیم، نگہداشت صحت، غذا، فطرت اور تفریح تک رسائی بہتر ہوگی اور ایک برابر ترقی اور عالمگیر وبا کے بعد NYC کی بحالی کی ابیاری ہوگی۔ اس کے علاوہ، اصلاح یافتہ رسائی آمدنی میں تفاوت کا ازالہ کرتی ہے اور نیو یارک کے کمترین آمدنی والے باشندوں کے لیے موافق معیار زندگ کے نتائج کی اجازت دیتی ہے۔

ان اصولوں کے مدنظر محکمہ کی اتھارٹی سٹی چارٹر کے سیکشن 603 اور نیو یارک کے سماجی خدمات قانون (Social Services Law) کے سیکشن 34 میں موجود ہے۔

نیا مواد خط کشیدہ ہے۔ حذف کردہ مواد [بریکٹ] میں ہے۔

**سیکشن1. رولز آف سٹی آف نیو یارک کے ٹائٹل 68 کے سیکشن 12-03 کی ضمنی تقسیم (a) میں ترمیم کی گئی ہے جس کو یوں پڑھا جائے:**

(a) Fair Fares کی رعایت موصول کرنے کے لیے درخواست دہندہ پر لازم ہے کہ:

(1) ایک مکمل شدہ درخواست، بشمول تائیدی دستاویزی شہادت، پروگرام کے ذریعے متعین کردہ انداز میں مکمل کرے؛

(2) Fair Fares NYC کی شرائط استعمال کا فارم نیو یارک سٹی ٹرانزٹ اتھارٹی کے پاس DSS/HRA کے میمورنڈم کے بموجب جمع کرائے؛ اور

(3) درج ذیل اہلیتی تقاضے پورا کر کے:

(A) درخواست دہندہ لازمی طور پر نیو یارک سٹی کا باشندہ ہو؛

(B) درخواست دہندہ کی عمر 18 اور 64 سال کے درمیان ہو؛

(C) درخواست دہندہ کی مجموعی آمدنی FPL کے [100] <u>120</u> فیصد سے متجاوز نہ ہو؛

(D) سوائے اس کے جو 68 RCNY § 12-02(a) میں فراہم کیا گیا ہے، درخواست دہندہ فی الحال DSS/HRA, NYCT یا کسی دیگر ادارہ یا پروگرام کی طرف سے کسی ثنائی رعایت یا مراعات کا اہل ہرگز نہ ہو؛

(E) درخواست دہندہ کو فی الحال 68 RCNY § 12-05(b) کے تحت پروگرام سے معطل یا مستقل طور پر نا اہل قرار نہ دیا گیا ہو؛

**§ 2. رولز آف سٹی آف نیو یارک کے ٹائٹل 68 کے سیکشن 12-08 کی ضمنی تقسیم (a) میں ترمیم کی گئی ہے جس کو یوں پڑھا جائے:**

(a) تا وقتیکہ پروگرام ہذا کچھ قسم کی نقل و حمل کے لیے چھوٹ کی سہولت بہم پہنچانے کے لیے کارڈ کا استعمال کرے، پروگرام ہذا NYCT کے پاس DSS/HRA کی مفاہمت کے میمورنڈم کے بموجب شرائط استعمال کے مطابق [ایک تقویمی] <u>ایک اندراج</u> کے سال کے اندر کسی فرد کو جتنے متبادل کارڈ فراہم کر سکتا ہے اس کی تعداد کو محدود کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔